© rasailojaraid.com

سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ (غیر مطبوعہ)

# میں اُس قبیلے کا فردِ حق ہوں......

میں اس قبیلے کا فردِ حق ہوں کہ جس کا مسکن تھا چاندنی میں
اب ایسی سوئی ہے چاندنی بھی کہ مجھ سے رستہ ہی کھو گیا ہے

میں بھٹکا بھٹکا' میں مارا مارا سا پھر رہا ہوں بنی مُضَرُ☆ میں
میں راستے میں بکھر گیا ہوں کہ مجھ سے رستہ ہی کھو گیا ہے

کوئی تو آئے جو بڑھ کے تھامے یہ ہاتھ میرا' وہ ہاتھ میرا
کہیں سے مجھ کو صدا ہی دے دو کہ مجھ سے رستہ ہی کھو گیا ہے

یہ کس جگہ پہ میں آ گیا ہوں' یہ شور، چیخیں ، پکار کیسی؟
یہ بوئے خوں اور غبار کیوں ہے؟ یہ اونچی اونچی جدار☆ کیسی؟

مجھے یہ دیوار پھاندنی ہے ، لہو کی ندیا میں تیرنا ہے
رکاوٹوں کے ہجوم میں سے' بہت ہی تیزی سے پیرنا ہے

پھر اس سے آگے وہ چاندنی ہے جو میرا مسکن تھا، میرا گھر تھا
وہ چاندنی جو سمٹ گئی ہے' جدھر کا رستہ ہی کھو گیا ہے

مرے قبیلے کی اکثریت نے اپنی قدروں کو روند ڈالا
وطن ، حمیت کو ، قومی غیرت کو ، پاک سیرت کو روند ڈالا

وہ کلچر اپنی جنود لے کر' چہار جانب سے اُن پہ جھپٹا
کہ جنس و دولت کی لذتیت میں ایسے ڈوبے رہا نہ کھٹکا


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یوں ظلمتوں نے ہے گھیر رکھا' ہر ایک جانب سے چاندنی کو
شمال مغرب سے ساحلوں تک' ترس رہا ہوں میں چاندنی کو

پر ایک رستہ ہے چاندنی تک رسائیوں کے سفر کا باقی
دھوئیں کے بادل، غبار کے دَل، عدو کا صحرا، سفر کا باقی

میں ان سے بچ کے نکل گیا تو اسی قبیلے سے جا ملوں گا
کہ جس کا مسکن تھا چاندنی میں' جدھر کا رستہ ہی کھو گیا ہے

میں چاندنی تک سفر کروں گا' میں بالیقیں بے خطر کروں گا
کہ چاندنی جب مجھے پکارے' میں اس گھڑی تک سفر کروں گا

---

☆مُضَرُ بن نَزَار' نبی کریم ﷺ کے اجداد میں ہیں ''مُضَرُ الْحَمْراء'' کے نام سے مشہور تھے۔
☆جِدار...... بمعنیٰ' دیوار


عمر فاروق ہارڈ ویئر اینڈ مل سٹور

عمارتی و صنعتی سامان، ہارڈ ویئر، پینٹس، ٹولز، بلڈنگ میٹریل
گورنمنٹ سے منظور شدہ کنڈے، باٹ و پیمانہ جات

صدر بازار، ڈیرہ غازی خان فون:0641-462483



© rasailojaraid.com